لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاول پور اور ساہیوال کے
تمام بورڈز کی تیاری برائے امتحان سال 2026ء کے لیے اپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

الرازی

اپ ٹو ڈیٹ
ماڈل پیپرز



الرازی گیس پیپرز
100/100
فارمولا

9

منفرد خصوصیات

- بلوم ٹیکسانومی سوالات پر مشتمل چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز نوٹس
- پنجاب بھر کے بورڈز کے جاری کردہ نئے ماڈل پیپرز برائے سالانہ امتحان 2026ء ANALYTICAL & CONCEPTUAL کے مطابق تیار کردہ اسیسمنٹ پیپرز
- سال 2026ء پنجاب کے تمام بورڈز کے سالانہ پرچہ جات کے لیے مکمل حل شدہ مواد
- مشقی سوالات کا مکمل حل/مشقی انشائیہ (تفصیلی) سوالات کا مکمل حل

اُردُو

الرازی

اَپ ٹوڈیٹ

مَاڈل پیپرز

اُردو

AL-RAZI PUBLICATIONS

لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاول پور اور ساہیوال کے
تمام بورڈز کی تیاری برائے امتحان سال 2026ء کے لیے اپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

Knowledge | Understanding | Application | Analytical | Conceptual

کی بنیاد پر تیار کردہ

الرازی

سالانہ امتحان میں مختصر وقت میں
100 فی صد کامیابی کے حصول
کے لیے الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا

اپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

اُردو 9

برائے تیاری امتحان
2026ء

منفرد خصوصیات:

- بلوم ٹیکسانومی سوالات پر مشتمل چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز نوٹس
- سال 2026ء پنجاب کے تمام بورڈز کے سالانہ پرچہ جات کے لیے مکمل حل شدہ مواد
- مشقی سوالات کا مکمل حل
- **الرازی** کلاس ٹیسٹ
- پنجاب بھر کے بورڈز کے جاری کردہ نئے ماڈل پیپرز۔ اے سالانہ امتحان 2026ء
ANALYTICAL & CONCEPTUAL پیٹرن کے مطابق تیار کردہ چیپٹر وائز، ہاف بک اور فل بک اسیسمنٹ پیپرز

AL-RAZI PUBLICATIONS

فہرست

سیکشن نمبر	عنوان		صفحہ نمبر
1 چیپٹر وائز لرننگ میٹیریل	لرننگ میٹیریل1	**سلیبس**: سبق1: اخلاقِ حسنہ، **نظم**: حمد، **غزل**: فقیرانہ آئے صدا کر چلے، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: والدصاحب کے نام خط (سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد بیان کرنا)، **درخواست**: ہیڈ ماسٹر صاحب سے چھٹی کی درخواست، **مکالمہ**: مریض اور ڈاکٹر، **کہانیاں**: جس کا کام اسی کو ساجے ، کوّے کا انتقام۔	3
	لرننگ میٹیریل2	**سلیبس**: سبق2: اپنی مدد آپ، **نظم**: نعت، **غزل**: فقیرانہ آئے صدا کر چلے، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: والدہ کے نام خط (موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر)، **درخواست**: بیماری کی درخواست، **مکالمہ**: دکان دار اور خریدار، **کہانیاں**: سچ کی برکت ، نیبو نچوڑ۔	23
	لرننگ میٹیریل3	**سلیبس**: سبق3: کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ، **نظم**: محنت کی برکات، **غزل**: سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: بڑے بھائی کے نام (خط لکھنے کا تقاضا کرنا)، **درخواست**: فیس معافی کی درخواست، **مکالمہ**: دو ہم جماعت کے درمیان، **کہانیاں**: جھوٹ کی سزا، ایسے کو تیسا۔	37
	لرننگ میٹیریل4	**سلیبس**: سبق4: نام دیو مالی، **نظم**: محنت کی برکات، **غزل**: سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: آپا کے نام خط (دسمبر کی چھٹیاں گزارنے کے لیے)، **درخواست**: سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست، **مکالمہ**: درزی خانے، **کہانیاں**: اتفاق میں برکت ہے، انگور کھٹے ہیں۔	49
	لرننگ میٹیریل5	**سلیبس**: سبق5: آرام و سکون، **نظم**: جاوید کے نام، **غزل**: غم ہے یا خوشی ہے تُو، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: چچا کے نام خط (مزاج پرسی اور چچی کی بیماری پر تشویش ظاہر کرنا)، **درخواست**: صفائی کے لیے درخواست، **مکالمہ**: تاریخِ پاکستان، **کہانیاں**: لالچ بُری بلا ہے، دو بکریاں۔	61
	لرننگ میٹیریل6	**سلیبس**: سبق6: کَتبہَ، **نظم**: پیامِ لطیفؒ، **غزل**: غم ہے یا خوشی ہے تُو، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: چھوٹے بھائی کے نام خط (اچھی صحبت اختیار کرنے کے لیے نصیحت)، **درخواست**: ڈاکیے کی شکایت، **مکالمہ**: ہوٹل میں، **کہانیاں**: دودھ میں پانی، بے وقوف کچھوا۔	74
	لرننگ میٹیریل7	**سلیبس**: سبق7: ابتدائی حساب، **نظم**: پیامِ لطیفؒ، **غزل**: کاش طوفاں میں سفینے کو اتارا ہوتا، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: دوست کے نام خط (جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کرنا)، **درخواست**: راشن ڈپو کی ناقص کارکردگی کے خلاف، **مکالمہ**: **گاہک اور دکاندار** (مہنگائی کے موضوع پر)، **کہانیاں**: ہرنی کی دُعا، جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے۔	87
	لرننگ میٹیریل8	**سلیبس**: سبق8: لڑی میں پروئے ہوئے منظر، **نظم**: کرکٹ اور مشاعرہ، **غزل**: کاش طوفاں میں سفینے کو اتارا ہوتا، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط**: ہمسائے کے نام خط (موسیقی بند کرنے کی درخواست کرنا)، **درخواست**: شادی میں شرکت، **مکالمہ**: دو دوستوں کے درمیان (انگریزی اور حساب کی اہمیت/تیاری کے موضوع پر)، **کہانیاں**: احسان کا بدلہ احسان ، گیدڑ کی مکاری، دیانت داری کا صلہ۔	98
	لرننگ میٹیریل9	**سلیبس**: سبق9: بھیڑیا، **نظم**: کرکٹ اور مشاعرہ، **غزل**: فقیرانہ آئے صدا کر چلے، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خطوط**: بڑے بھائی کے نام (گاؤں میں چھٹیاں گزارنے کی دعوت دیجیے)، بہن کو کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال بتانے کا خط، **درخواست**: دوبارہ داخلہ، **مکالمہ**: مریض اور ڈاکٹر، **کہانیاں**: نادان کی دوستی، شیر کا گھر، نااتفاقی کا انجام۔	110
	لرننگ میٹیریل10	**سلیبس**: سبق10: حوصلہ نہ ہارو آگے بڑھو، منزل اب کے دور نہیں، **نظم**: جاوید کے نام، شہدائے پشاور کے لیے ایک نظم، **غزل**: سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا، **قواعد**: واحد/ جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خطوط**: دوست کے نام خط (ایسی کتاب کا تذکرہ کریں جس نے آپ کو متاثر کیا ہو)، دوست کے نام خط (حاضر دماغی کا واقعہ)، **درخواست**: ہیڈ ماسٹر صاحب سے چھٹی کی درخواست، **مکالمہ**: دکان دار اور خریدار، **کہانیاں**: عادت کی خرابی، عقلمند بیوی۔	121
2	الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا (کثیر الانتخابی اور مختصر سوالات پر مبنی)		133

الرازی اسیسمنٹ کتابچہ

رائٹنگ اینڈ کمپوزنگ: الرازی اکیڈمک ڈویلپمنٹ یونٹ (ADU)

لرننگ میٹیریل برائے فارمیٹو اسیسمنٹ۔2	سبق نمبر: 2 اپنی مدد آپ

(Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر چیپٹر وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات

سلیبس: **سبق2:** اپنی مدد آپ، **نظم:** نعت، **غزل:** فقیرانہ آئے صدا کر چلے، **قواعد:** واحد/جمع/ مذکر/ مؤنث/ الفاظ مترادف۔الفاظ متضاد۔جملوں کی درستی/تکمیل، **خط:** والدہ کے نام خط (موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر)، **درخواست:** بیماری کی درخواست، **مکالمہ:** دکان دار اور خریدار، **کہانیاں:** سچ کی برکت ، نیبو نچوڑ۔

☆ **جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔**

1. ''خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں'' یہ ایک نہایت آزمودہ ہے:
A ترکیب B مقولہ C محاورہ D ضرب المثل

2. ایک شخص میں اپنی مدد آپ کرنے کا جوش ہے اس کی:
A تنزلی کی بنیاد B شہرت کی بنیاد C عزت کی بنیاد D ترقی کی بنیاد

3. جیسا مجموعہ قوم کی چال چلن کا ہوتا ہے یقینی اس کے قانون اور مناسب حال گورنمنٹ ہوتی ہے۔ یہ ایک قاعدہ ہے:
A ہر ملک کا B ہر قوم کا C ہر معاشرے کا D نیچر کا

4. انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ ملے کوئی:
A خضر B سخی C حکمران D وزیر با تدبیر

5. ''اوروں پر بھروسا'' اور ''اپنی مدد آپ'' یہ دونوں اصول ایک دوسرے کے ہیں:
A بالکل مخالف B بالکل موافق C قطعاً حسبِ حال D بالکل ہم وار

6. جب کسی گروہ کے لیے کوئی دوسرا شخص یا گروہ کام کرتا ہے تو اس میں اپنی مدد آپ کا جوش ہو جاتا ہے:
A کم B زیادہ C ناپید D مکمل

7. آدمی جس قدر دوسروں پر بھروسا کرتے جاتے ہیں وہ اسی قدر ہو جاتے ہیں:
A باعزت B بے عزت C باضمیر D باشعور

8. عمدہ رعایا پر کون سی حکومت ہوتی ہے؟
A جاہل B عمدہ C خراب D اکھڑ

9. نیست و نابود کے کیا معنی ہیں؟
A آباد کرنا B قائم کرنا C جڑ سے اکھاڑنا D اُبھارنا

10. ایک نسل دوسری نسل کی محنت پر______بناتی ہے۔
A دیوار B کوٹھی C عمارت D قبر

11. قوم کن چیزوں کا مجموعہ ہے؟
A مختلف مذاہب کا B شخصی قابلیتوں کا C صوبوں کا D شخصی حالتوں کا

12. سوانح عمری کی نسبت کون سی چیز انسان کو معزز بناتی ہے؟
A دولت B نوکری C تجارت D عمدہ چال چلن

13. دنیا کی معزز قوموں نے کیسے عزت پائی ہے؟
A فیاض حکومت کے ذریعے B خضر کو تلاش کر کے C اپنی مدد آپ کے ذریعے D دباؤ ڈال کر

14. ''اشغال'' کا واحد ہے:
A چغل B شغل C مشغول D شغف

15. جو لوگ اپنی مدد آپ کرتے ہیں ان کی کون مدد کرتا ہے؟
A خدا B حکومت C ہمسائے D دوست

16. سبق ''اپنی مدد آپ'' ہے:
A افسانہ B کہانی C مضمون D قصہ

17. شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری اور شخصی ہمدردی کس کا مجموعہ ہے؟
A شخصی چال چلن B قومی ترقی C ذاتی وقار D انفرادی ترقی

18. کسی ملک کی خوبی وعمدگی اور قدر و قیمت کا دارو مدار ہے:
A رعایا کے چال چلن پر B حکومت کے چال چلن پر C امرا کے چال چلن پر D غربا کے چال چلن پر

19. سرسید کے خیال میں ایک فرد کی حقیقی اصلاح کون کر سکتا ہے؟
A استاد B علما C وہ خود D حکومت

20. سبق ''اپنی مدد آپ'' کے مصنف کا نام ہے:
A ڈپٹی نذیر احمد B مولانا حالیؔ C سرسید احمد خاں D مولانا محمد حسین آزادؔ

21. سرسید احمد خاں کب پیدا ہوئے؟
A 1816ء میں B 1817ء میں C 1818ء میں D 1819ء میں

22. سرسید احمد خاں کا سن وفات ہے؟
A 1898ء B 1899ء C 1900ء D 1901ء

23. سرسید احمد خان نے مسلمانانِ ہند کے لیے سکول کی بنیاد کہاں رکھی؟
A دہلی B لکھنو C امرتسر D علی گڑھ

24. علی گڑھ سکول کو کالج کا درجہ کب ملا؟
A 1874ء میں B 1875ء میں C 1876ء میں D 1877ء میں

25. سرسید احمد خان نے مسلمانوں کے اصلاح احوال کے لیے کون سا رسالہ جاری کیا؟
A تہذیب الاخلاق B اسبابِ بغاوت ہند C تبیین الکلام D علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ

26. رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کب جاری ہوا؟
A 1869ء میں B 1870ء میں C 1871ء میں D 1872ء میں

27. ''آثار الصنادید'' کے مصنف کا نام ہے:
A مولانا حالی B مولانا ابوالکلام آزاد C سرسید D مولانا شبلی نعمانی

28. ''مقالاتِ سرسید'' کی جلدیں شائع ہو چکی ہیں:
A چودہ B پندرہ C سولہ D سترہ

29. سرسید احمد اُردو نثر کی کس صنف کے بانی ہیں؟
A مضمون نویسی B سوانح عمری C خودنوشت D افسانہ نگاری

30. سبق ''اپنی مدد آپ'' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
A تبیین الکلام B مقالاتِ سرسید جلد چہارم C تہذیب الاخلاق D مقالاتِ سرسید جلد پنجم

نظم: نعت

31. سدرۃ المنتہیٰ سے آگے جانے سے کس فرشتے نے معذرت کی تھی؟
A حضرت میکائیل علیہ السلام B حضرت اسرافیل علیہ السلام C حضرت جبریل علیہ السلام D حضرت عزرائیل علیہ السلام

32. چھوٹا جو ________ شبِ تار الست سے
A سینۂ B قلب C دماغِ D چہرۂ

33. ہم جس میں بس رہے ہیں وہ ________ تمھیؐ تو ہو
A شہر B ملک C دنیا D گاؤں

34. نظم ''نعت'' کے شاعر ہیں:
A مولانا الطاف حسین حالیؔ B مولانا ظفر علی خاں C حفیظ جالندھریؔ D امیر مینائیؔ

35. نعت کس نظم کو کہا جاتا ہے؟

A جس میں اللہ کی تعریف ہو
B جس میں نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیِّن ﷺ کی تعریف ہو
C جس میں اولیا کرام کی تعریف ہو
D جس میں بادشاہوں کی تعریف ہو

36. شاملِ نصاب "نعت" کا ماخذ ہے:

A بہارستاں
B نعتیہ دیوان
C مراۃ الغیب
D بابِ حرم

غزل: فقیرانہ آئے صدا کر چلے

37. ہمیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے بھی جدا کر چکے۔

A باپ
B ملک
C آپ
D گھر

38. شاعر کی پیشانی ہر وقت جھکی رہتی ہے:

A ذکر میں
B تلاوت میں
C سجدہ میں
D رکوع میں

39. غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں:

A مطلع
B مطلع ثانی
C مقطع
D حسنِ مطلع

40. میر تقی میرؔ کی تقدیر میں کیا چیز نہ تھی؟

A دوا
B شفا
C صدا
D دُعا

41. اُردو شعرا نے استاد تسلیم کیا:

A دردکو
B میرؔ کو
C آتش کو
D غالب کو

42. میر تقی میرؔ کے والد گرامی نے اُنھیں کیا اختیار کرنے کا مشورہ دیا؟

A عشق
B تنہائی
C دوستی
D ملازمت

43. دنیا ایک۔۔۔۔۔۔۔۔سے زیادہ کچھ نہیں۔

A دکھاوے
B بہانے
C ڈرامے
D ہنگامے

قواعد

44. قوت کا متضاد ہے:

A توانائی
B توانا
C ضُعف
D ضعیف

45. نند کا مذکر ہے:

A نندوئی
B داماد
C نندو
D جیجو

46. "مؤنث" لفظ ہے:

A غزل
B گلاب
C سراب
D بادل

47. "امید" کا متضاد ہے:

A بے امید
B ناامیدی
C بے امیدی
D کم امید

48. "مناظر" کا واحد ہے:

A نظارہ
B منظر
C منظروں
D نظارے

49. "شخص" کی جمع ہے:

A شخصیت
B شخصیات
C اشخاص
D شخصوں

50. "مذکر" لفظ ہے:

A راگ
B زندگی
C قدرت
D برسات

جوابات

C	.10	C	.9	B	.8	B	.7	A	.6	A	.5	A	.4	D	.3	D	.2	B	.1
C	.20	C	.19	A	.18	B	.17	C	.16	A	.15	B	.14	C	.13	D	.12	D	.11
D	.30	A	.29	C	.28	C	.27	B	.26	A	.25	D	.24	D	.23	A	.22	B	.21
B	.40	A	.39	C	.38	C	.37	A	.36	B	.35	B	.34	C	.33	A	.32	C	.31
A	.50	C	.49	B	.48	B	.47	A	.46	A	.45	C	.44	D	.43	A	.42	B	.41

AL-RAZI PUBLICATIONS

واحد جمع (Knowledge Based)

واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع
تدبیر	تدابیر	ترجمہ	تراجم	ترکیب	تراکیب	تفصیل	تفاصیل	تجلّی	تجلّیات
تحفہ	تحائف	توقع	توقعات	ثمر	اثمار	ثابت	ثوابت	جُرم	جرائم
جرم	اجرام	جنس	اجناس	جانب	جوانب	جواب	جوابات	جزیرہ	جزائر
جاہل	جہلا	جذبہ	جذبات	جریدہ	جرائد	جن	جنات	جوہر	جواہر
جہت	جہات	جسم	اجسام	جد	اجداد	جزو	اجزا	جبل	جبال
حاجت	حوائج	حاجی	حُجّاج	حادثہ	حوادث	حاضر	حاضرین، حضار	حبیب	احباب

مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر (Knowledge Based)

مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
بندہ	بندی	بچھڑا	بچھیا	براتی	براتن	بھنگی	بھنگن	بِلّا	بلی	بھکاری	بھکارن	پٹھان	پٹھانی	باورچی	باورچن

الفاظ متضاد (Knowledge Based)

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد
تائید	تردید	اقبال	ادبار	جَلوت	خَلوت	حلیف	حریف	خیر	شر
راہبر	راہزن	حسن	قبح	خلوص	ریا	دیوانہ	فرزانہ	سفر	حضر
ظاہر	باطن	عفو	انتقام	دشوار	سہل	طلوع	غروب		

الفاظ مترادف (Knowledge Based)

الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف
حسین	جمیل	حدّت	تپش	خلوت	عزلت	زوجہ	اہلیہ
دغا	فریب	ذلّت	رسوائی	رشتہ	ناتا	رنج	الم

انشائیہ سوالات

سبق ''اپنی مدد آپ'' کے نثر پاروں کی تشریح (Understanding Based)

1. خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔ یہ ایک نہایت عمدہ اور آزمودہ مقولہ ہے۔ اس چھوٹے سے فقرے میں انسانوں کا اور قوموں کا اور نسلوں کا تجربہ جمع ہے۔ ایک شخص میں اپنی مدد کرنے کا جوش اس کی سچی ترقی کی بنیاد ہے اور جب یہ جوش بہت سے شخصوں میں پایا جاوے تو وہ قومی ترقی اور قومی طاقت اور قومی مضبوطی کی جڑ ہے۔ جب کہ کسی شخص کے لیے یا کسی گروہ کے لیے کوئی دوسرا کچھ کرتا ہے تو اس شخص میں سے یا اس گروہ میں سے وہ جوش اپنی مدد آپ کرنے کا کم ہو جاتا ہے اور ضرورت اپنے آپ مدد کرنے کی اس کے دل سے مٹتی جاتی ہے اور اسی کے ساتھ غیرت جو ایک نہایت عمدہ قوت انسان میں ہے اور اس کے ساتھ عزت جو اصلی چمک دمک انسان کی ہے ازخود جاتی رہتی ہے اور جب کہ ایک قوم کی قوم کا یہ حال ہو تو وہ ساری قوم دوسری قوموں کی آنکھ میں ذلیل اور بے غیرت اور بے عزت ہو جاتی ہے۔

حوالۂ متن: **سبق کا عنوان:** اپنی مدد آپ **مصنف کا نام:** سرسید احمد خاں

خط کشیدہ الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عمدہ	بہتر، بڑھیا، اعلیٰ	مقولہ	کہاوت، قول	سچی ترقی	صحیح ترقی
غیرت	عزت نفس کا احساس	ازخود	خودبخود	ذلیل	رسوا، بے عزت

تشریح: تشریح طلب عبارت میں مصنف لکھتے ہیں کہ یہ قول نہایت عمدہ اور تجربے سے ثابت شدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی اُن کی مدد کرتا ہے، جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔ ظاہری طور پر اس چھوٹے سے جملے میں انسانوں، قوموں اور نسلوں کا تجربہ جمع ہے۔ دنیا میں ہمیشہ وہی انسان کامیاب ہوا ہے، جس نے اپنی مدد آپ کی، اپنے سب کاموں کے لیے اپنے اعضا کو بروئے کار لایا اور دن رات محنت کی۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ بغیر محنت اور جدوجہد کے کوئی انسان عظیم بن گیا ہو۔ ہمیشہ محنت کی عظمت ہی عظیم انسان کی تعمیر و تشکیل میں کارفرما ہوتی ہے۔ دوسری مثال مصنف نے قوموں کی دی ہے۔ فطرت کا اصول ہے کہ دنیا میں انھی اقوام کو عروج نصیب ہوا ہے، جنھوں نے اپنی مدد آپ کے اصول پر استقامت اختیار کی۔

جب کوئی فرد محنت کرتا ہے تو اُس کی ترقی کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔ کیوں کہ کامیابی کا تعلق اور نسبت محنت سے ہے اس لیے محنت اور اپنی مدد آپ کرنے والے ہی کامیابی کے حصول میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اسی طرح اگر قوم کے بہت سے افراد میں اپنی مدد آپ کا جوش اور جذبہ پیدا ہو جائے تو اس قوم کی کامیابی یقینی ہو جاتی ہے۔ بقول علامہ عنایت اللہ مشرقی:

"قوم کے ہر فرد میں ہمت، طاقت اور حوصلہ بھر دو، زوال پذیر قوم بھی زندہ ہو سکتی ہے۔"

جب انسان دوسروں کا محتاج ہو جاتا ہے اور کاہلی اور سستی کا مظاہرہ کرتا ہے، تو انسان کی انتہائی قیمتی چیز غیرت وحمیت اور عزت جو کہ انسان کی اصلی چمک دمک ہے، خاک میں مل جاتی ہے۔ اسی طرح جب کوئی قوم اپنی مدد آپ نہیں کرتی اور دوسروں پر بھروسا کرتی ہے، تو وہ دوسری قوموں کی نظروں میں ذلیل و رسوا اور بے عزت ہو جاتی ہے۔ قدرت کا اصول ہے کہ وہی قومیں دنیا میں زندہ رہتی ہیں اور دوسروں کی نظروں میں معتبر ٹھہرتی ہیں، جو اپنی مدد آپ کے اصول پر سختی سے کاربند رہتی ہیں۔

2. یہ ایک نیچر کا قاعدہ ہے کہ جیسا مجموعہ قوم کے چال چلن کا ہوتا ہے یقینی اُسی کے موافق اس کے قانون اور اسی کے مناسب حال گورنمنٹ ہوتی ہے۔ جس طرح کہ پانی خود اپنی پنسال میں آجاتا ہے، اسی طرح عمدہ رعایا پر عمدہ حکومت ہوتی ہے اور جاہل وخراب و ناتربیت یافتہ رعایا پر ویسی ہی اکھڑ حکومت کرنی پڑتی ہے۔

حوالۂ متن: **سبق کا عنوان:** اپنی مدد آپ **مصنف کا نام:** سرسید احمد خاں

خط کشیدہ الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
نیچر	فطرت کا اصول	چال چلن	رہنے کا طریقہ، رنگ ڈھنگ	پنسال	پانی کے بہنے کی جگہ
رعایا	عوام	جاہل	ان پڑھ		

تشریح: فطرت کا یہ اصول ہے کہ قوم کے افراد کا جیسا رنگ ڈھنگ، طور طریقہ اور چال چلن ہوتا ہے، یقینی طور پر اُسی کے مطابق حکومت ہوتی ہے اور قوم کے افراد کے مزاج اور طور طریقوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت قوانین بناتی ہے۔ قوم کے افراد مہذب اور تہذیب یافتہ ہوں تو حکومت بھی مہذب اور تہذیب یافتہ ہوتی ہے، کیوں کہ قوم اپنی مدد آپ کا جوش افراد سے مل کر بنتی ہے۔ دراصل افراد اور قوم کا بڑا گہرا تعلق ہوتا ہے۔ حکومت بھی قوم میں سے منتخب نمائندوں کا مجموعہ ہوتی ہے۔ جب یہ عوامی نمائندے ایوانوں میں بیٹھتے ہیں تو عوامیت جھلکتی ہے اور یہ عوامی نمائندے اپنی قوم کے افراد کے مزاج کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ جب یہ کوئی قانون بناتے ہیں تو قومی مزاج کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بناتے ہیں۔ جس طرح پانی خود بخود ڈھلوان یا گڑھے میں جمع ہو جاتا ہے، اکٹھا نہیں کرنا پڑتا، اسی طرح اچھی اور شریف النفس رعایا پر عمدہ اور اچھی حکومت ہوتی ہے، کیوں کہ جب رعایا بے ضرر، ایمان دار، دیانت دار اور سچی ہوگی، تو ان کے حکومتی نمائندوں میں بھی یہی خوبیاں ہوں گی۔

اس کے برعکس اگر رعایا جاہل اور غیر تربیت یافتہ ہو تو حکومت بھی جاہل اور غیر مہذب ہوگی۔ جاہل اور بگڑی ہوئی رعایا ہمیشہ اپنے جیسے نمائندوں کا انتخاب کرتی ہے۔ ان کے نزدیک نیکی اور شرافت کی عظمت نہیں ہوتی۔ اگر رعایا غیر مہذب اور سرکش ہوگی تو حکومت کو بھی ان کے لیے سخت ترین قوانین بنانے پڑیں گے۔

3. تمام تجربوں سے ثابت ہوا ہے کہ کسی ملک کی خوبی و عمدگی اور قدر و منزلت بہ نسبت وہاں کی گورنمنٹ کے عمدہ ہونے کے زیادہ تر اس ملک کی رعایا کے چال چلن، اخلاق و عادات، تہذیب و شائستگی پر منحصر ہے، کیوں کہ قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہے اور ایک قوم کی تہذیب درحقیقت ان مرد و عورت و بچوں کی شخصی ترقی ہے، جن سے وہ قوم بنی ہے۔

حوالۂ متن: **سبق کا عنوان:** اپنی مدد آپ **مصنف کا نام:** سرسید احمد خاں

خط کشیدہ الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
رعایا	عوام، لوگ	چال چلن	طور طریقہ۔ رویہ	شائستگی	متانت، مروت	منحصر	مشروط، وابستہ

تشریح: اس اقتباس میں سرسید احمد خاں نے ایک بلیغ نکتہ یہ بیان کیا ہے کہ کسی قوم کی پہچان اُس پر مسلط حکومت سے کہیں زیادہ اس کے افراد کے چال چلن اور اخلاق کے سبب ممکن ہوتی ہے۔ قومیں ہمیشہ افراد سے تشکیل پاتی ہیں۔ افراد کے انفرادی خصائص متعلقہ قوم کی اجتماعیت کو متاثر کرتے ہیں۔ اگر افراد کی اکثریت عمدہ اخلاق کا مظاہرہ کرے تو اس قوم کے بارے میں مجموعی تاثر یہ بنے گا کہ قوم برتر اور روایات کی امین ہے۔ گویا کسی قوم کے مجموعی تشخص کو نمایاں کرنے میں اس کے افراد بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب کوئی قوم اخلاقی گراوٹ اور بے راہ روی کا شکار ہو جائے تو اُسے پھر سے ترقی کے راستے پر کس

طرح گامزن کیا جائے۔ سر سید احمد خاں کے مطابق اس کا آسان حل یہ ہے کہ اس قوم کے افراد ذاتی حیثیت میں اپنی اصلاح کا بیڑہ اُٹھائیں۔ پس کسی قوم کی اصلاح کر کے ان میں مثبت اوصاف پیدا کیے جائیں۔ اس طرح نہ صرف افراد خوشحال ہوں گے بلکہ پوری قوم عظمت و بلندی کی مثال فراہم کرنے لگے گی۔

4. اے میرے عزیز ہم وطنو! اگر یہ رائے صحیح ہے تو اس کا یہ نتیجہ ہے کہ قوم کی سچی ہمدردی اور سچی خیر خواہی کرو۔ غور کرو کہ تمھاری قوم کی شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کس طرح پر عمدہ ہو، تاکہ تم بھی ایک معزز قوم ہو۔ کیا جو طریقہ تعلیم و تربیت کا، بات چیت کا وضع و لباس کا، سیر سپاٹے کا، شغل و اشغال کا تمھاری اولاد کے لیے ہے، اس سے ان کی شخصی چال چلن، اخلاق و عادت، نیکی و سچائی میں ترقی ہو سکتی ہے؟ حاشا وکلا۔

حوالۂ متن: سبق کا عنوان: اپنی مدد آپ **مصنف کا نام:** سر سید احمد خاں

خط کشیدہ الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
چال چلن	رنگ ڈھنگ، رہنے سہنے کا طریقہ	خیر خواہی	نیکی، بھلائی	عمدہ	اعلیٰ، برتر	سیر سپاٹے	سیر و تفریح

تشریح: تشریح طلب عبارت میں مصنف اپنے وطن کے لوگوں سے مخاطب ہیں اور کہتے ہیں کہ اے میرے ہم وطنو! اگر میری رائے درست ہے، میری تجویز سے اتفاق کرتے ہو اور میری بات کو حقیقت سمجھتے ہو کہ جب تک ذاتی زندگی اور ذاتی چال چلن کی حالتوں کو ترقی نہ دی جائے، اس وقت تک کوئی قوم ترقی کی راہوں پر گامزن نہیں ہو سکتی اور قوم و ملک کا وقار اور عزت بھی بحال نہیں ہو سکتی تو اس سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ تمھیں چاہیے کہ اپنی ذاتی زندگی اور شخصی چال چلن کو عمدہ اور بہتر کرو۔ ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو اہمیت دو اور وہ راستہ اختیار کرو جس سے شخصی زندگی اور ذاتی چال چلن عمدہ سے عمدہ تر ہو، تاکہ تمھارا شمار دنیا کی معزز قوموں میں ہو۔ اس کے بعد مصنف نے تلخ حقائق بیان کیے ہیں اور اپنے اہل وطن کو ان کی خامیوں اور کوتاہیوں سے آگاہ کیا ہے اور متوجہ ہونے کی ترغیب دی ہے، تاکہ وہ اپنی خرابیوں اور خامیوں کی اصلاح کی طرف دھیان دیں۔

سر سید مسلمانوں سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ تمھاری اولاد کا جو طریقہ تعلیم و تربیت کا ہے اور انھوں نے گفت گو کا جو انداز اختیار کر رکھا ہے، جس قسم کا حلیہ بنا رکھا ہے اور جس رنگ ڈھنگ کا وہ لباس زیب تن کیے ہوئے ہیں، کیا وہ ہماری ترقی کا باعث بن سکتے ہیں؟ اس سے بھی زیادہ دکھ اور افسوس کی بات یہ ہے کہ تمھاری اولاد سیر و تفریح اور کھیل تماشوں کی رسیا اور دل دادہ ہے۔ ان کے مشاغل عجیب طرح کے ہیں۔ ان تمام حالات کے پیش نظر کیا ہم کچھ کہہ سکتے ہیں کہ ان کی ذاتی زندگی اور ذاتی چال چلن، ان کے اخلاق و عادات اور نیکی و سچائی میں بہتری اور عمدگی ممکن ہے۔ کیا وہ ترقی کی راہوں پر گامزن ہو سکتے ہیں؟ کیا یہ قومی ترقی میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ کیا قومی اور ملکی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔

5. بڑا سچا مسئلہ اور نہایت مضبوط جس سے زیادہ دنیا کی معزز قوموں نے عزت پائی ہے وہ اپنی مدد آپ کرنا ہے۔ جس وقت لوگ اس کو اچھی طرح سمجھیں گے اور کام میں لاویں گے تو پھر خضر کو ڈھونڈنا بھول جاویں گے۔ اوروں پر بھروسہ اور اپنی مدد آپ یہ دونوں اصول ایک دوسرے کے بالکل مخالف ہیں۔ پچھلا انسان کی بدیوں کو برباد کرتا ہے اور پہلا خود انسان کو۔

حوالۂ متن: سبق کا عنوان: اپنی مدد آپ **مصنف کا نام:** سر سید احمد خاں

خط کشیدہ الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مسئلہ	مشکل، پریشانی	معزز	عزت دار	خضر	ایک بزرگ جس کا کام بھولوں بھٹکوں کو راستہ دکھانا ہے	بدیوں	برائیوں

تشریح: سر سید احمد خاں اپنے اس مضمون میں کہتے ہیں کہ اپنی مدد آپ ایک ایسا سنہری اصول ہے کہ جس پر چل کر دنیا کی تمام مہذب قوموں نے اپنا نام پیدا کیا ہے۔ دنیا میں وہی شخص کام یاب ہوتا ہے جو اپنا کام خود کرتا ہے، جن افراد اور اقوام نے اس اصول کو نہیں اپنایا وہ ترقی کی دوڑ میں دوسروں سے پیچھے رہ گئی ہیں۔ اگر قوم کے جملہ افراد اس اصول کو اپنا لیں تو وہ کسی خضر کی تلاش میں سرگرداں نہیں رہیں گے۔ اپنی امیدیں دوسروں سے وابستہ کرنا اور اپنی مدد آپ کرنا دو ایسے اصول ہیں جو ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ دوسروں پر انحصار کرنے والے شخص کی معاشرے میں کوئی عزت نہیں ہوتی بلکہ اس سے انسان کے مسائل کم ہونے کی بجائے بڑھ جاتے ہیں۔ ایک خود دار انسان اپنی مدد آپ کے اصول کو اپنا کر اپنا محاسبہ کرتا ہے اور اپنی کمزوریوں کو دور کر کے ایک نئے جذبے اور جوش سے آگے بڑھتا ہے اور ترقی کی منزل پا لیتا ہے۔ اقبالؒ فرماتے ہیں:

چلنے والے نکل گئے ہیں
جو ٹھہرے ذرا کچل گئے ہیں

سبق ''اپنی مدد آپ'' کا خلاصہ (Understanding Based)

اپنی مدد آپ کرنے کا اُصول کسی قوم کی ترقی یا تنزلی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اگر کوئی قوم اپنی ضرورتوں کے لیے دوسروں پر مکمل انحصار کرنے لگے تو اس کے افراد میں غیرت ختم ہو جاتی ہے اور اس میں عزت کی پاسداری نہیں رہتی۔ نتیجے میں پوری قوم دوسری قوموں کی نگاہ میں ذلیل و خوار ہو جاتی ہے۔ یہ بھی حقیقت

ہے کہ کسی قوم کے مزاج کے مطابق اس پر مہذب یا غیر مہذب حکومت مسلط کی جاتی ہے، چناں چہ کسی دوسرے کو الزام دینے کے بجائے متعلقہ قوم کے اخلاق و عادات اور چال چلن کا جائزہ لینا چاہیے۔قومیں افراد سے تشکیل پاتی ہیں۔ لہٰذا افراد کی نجی محنت، عزت، دیانتداری اور ہمدردی بھی ضروری چیزیں ہیں۔ افراد کے انفرادی اوصاف قوم کی اجتماعی سوچ کا رُخ متعین کرکے اسے عروج پر لے جاتے ہیں۔ اس کے برعکس اکثر افراد بداخلاقی، جہالت، خودغرضی اور شرارت جیسے بُرے افعال کے عادی ہو جاتے ہیں تو پوری قوم نہ صرف مستقل طور پر غلامی کی دلدل میں پھنس جاتی ہے بلکہ اُس پر اکھڑ طریقے سے حکومت کرنا بھی ضروری ہو جاتا ہے۔

معاشرے میں ایک عام خیال یہ پایا جاتا ہے کہ حکومت فیاض ہو یا حکومتی اہل کار خضر کا کردار ادا کریں تو قوم کے جملہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ یہ خیال حقائق کے منافی ہے۔ فرد یا قوم کی ترقی ہمیشہ اپنی مدد آپ کے تحت ہوئی ہے نہ کہ دوسروں پر بھروسا کرنے سے۔ ترقی یافتہ قوموں نے اپنی مدد آپ کے سنہری اُصول پر عمل پیرا ہو کر ہی ترقی کی ہے۔ کوئی قوم جب اس سنہری اُصول کی پاسدار ہو جاتی ہے تو پھر اُسے کسی خضر کی تلاش نہیں رہتی۔ آئرلینڈ کے اصلاح کار ولیم ڈارگن کا یہ خیال کہ اُس کی قوم نے انفرادی محنت اور مستقل مزاجی کے سہارے ترقی کی منازل طے کیں، بالکل درست ہے۔

بنی نوع انسان کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو بھی یہی نکتہ سمجھ میں آتا ہے کہ انسان کی عہدِ حاضر تک کی ساری ترقی محنت اور جاں فشانی کا ثمر ہے۔ محنت اور جاں فشانی کو دوسرے الفاظ میں اپنی مدد آپ کا نام دیا جاتا ہے۔ انسان کی محنت نسل در نسل منتقل ہوتی رہی ہے۔ مختلف حکیموں اور دانش وروں کی فراست کی بدولت زندگی کا حسن نکھرتا رہا ہے۔ یہاں تک کہ زندگی کا بہتر روپ ہم تک پہنچا ہے، اب ہمارا فرض ہے کہ اس زرخیز ڈھانچے کو مزید خوبصورت بنائیں۔ سمجھ دار افراد کو چاہیے کہ دیگر بھائی بندوں کو زندگی کے اس اہم راز سے آگاہ کریں۔ اپنے فرائض ادا کرنے اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کی تعلیم دینے کا فائدہ یہ ہوگا کہ قوم دنیاوی سطح پر ترقی کرے گی اور اپنی نیکیوں کی بدولت آخرت میں بھی کامران ٹھہرے گی۔

نظم ''نعت'' کے اشعار کی تشریح (Understanding Based)

شاعر کا نام: مولانا ظفر علی خاں

شعر نمبر 1: دل جس سے زندہ ہے وہ تمنّا تُمھِی تو ہو ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تُمھِی تو ہو

تشریح: نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کا ذکر اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی کی ایک قسم ہے۔ شاعر اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ اس کا دل آقا کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی محبت سے لبریز ہے۔ اس کا دل آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے دیدار کی طلب میں مچلتا ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی محبت کے گوہر کو پا لینے کی وجہ سے اس کا دل زندہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی محبت کے بغیر ایمان نامکمل ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں تمھیں تمھاری جان، تمھارے ماں باپ، تمھاری اولاد حتیٰ کہ سب لوگوں سے عزیز تر نہ ہو جاؤں۔''

مولانا ظفر علی خاں کا دل حضور پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی محبت میں گرفتار ہے اس لیے ان کے دل کی چاہتوں اور خواہشوں کا محور آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی ذاتِ مقدسہ ہے۔ ان کے بقول تو وہ محبت کی جس دنیا میں رہ رہے ہیں وہ جہاں بھی آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے دم قدم سے ہے۔ ایک عاشقِ صادق کے لیے محبوب کی ذات میں پوری دنیا دکھائی دیتی ہے۔ دوسرے مصرعے کا ایک مفہوم یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ دنیا جس میں ہم آباد ہیں وہ اللہ تعالیٰ نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے لیے بنائی ہے۔

انسان مال و زر کے جنوں میں ہے مبتلا
اس حشر میں ندیمؔ کو درکار آپؐ ہیں

شعر نمبر 2: پُھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ اَلَست سے اس نورِ اوّلین کا اُجالا تُمھِی تو ہو

تشریح: زیرِ تشریح شعر میں شاعر آقا کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی شانِ اوّلیت کو بیان کرتے ہوئے اس میثاق کا ذکر کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ اور تمام روحوں کے درمیان ہوا۔ قرآن پاک اس واقعہ کے بارے میں فرماتا ہے:

ترجمہ: ''کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں؟ وہ سب بول اٹھے کیوں نہیں (تو ہی ہمارا رب ہے) ہم گواہی دیتے ہیں تاکہ قیامت کے دن یہ نہ کہو کہ ہم اس عہد سے بے خبر تھے۔'' **(سورۃ اعراف: آیت 172)**

شاعر کہتا ہے کہ الست کے اس عہد و پیماں سے پہلے لاعلمی کی اندھیری رات تھی اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت چھپی ہوئی تھی۔ الست بربکم کی صدا سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور شانِ ربوبیت ظاہر ہوئی۔ شاعر وحدانیت کے اس اظہار کو ''نورِ اوّلین'' کہتا ہے۔ روایات کے مطابق عالم ارواح میں جب اللہ تعالیٰ نے یہ پوچھا کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں؟ تو اس کے جواب میں سب سے پہلے روحِ محمدی خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کی گواہی دی اور باقی ارواح نے بعد میں یک زبان ہو کر اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دی۔ شاعر نے نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی اس اوّلین گواہی کو وحدانیت کی پہلی کرن قرار دے دیا ہے۔ حدیثِ قدسی کے مطابق نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے نور کی تخلیق سے پہلے اللہ تعالیٰ کی ذات مخفی تھی جب اس نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں تو اس نے نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے نور کو تخلیق کیا۔ اس نور سے کچھ روشنی لے کر باقی اشیا کو تخلیق کیا۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

سب سے پہلے مشیت کے انوار سے نقشِ روحِ محمدؐ بنایا گیا
پھر اسی نقش سے لے کے کچھ روشنی بزمِ کون و مکان سجایا گیا

شعرنمبر3: سب کچھ تمھارے واسطے پیدا کیا گیا — سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تُمھیؐ تو ہو

تشریح: اس شعر میں شاعر نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی شان بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ وجہ تخلیق کائنات ہیں۔ یوں تو دنیا کے مختلف مفکرین اور دانش وروں نے دنیا کی تخلیق کے مختلف مقاصد بیان کیے ہیں۔ سائنس دانوں کے نزدیک یہ دنیا ایک دھماکہ کے نتیجے میں وجود میں آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ چوں کہ خالقِ ارض وسما ہے اس کا کوئی کام حکمت اور تدبیر سے خالی نہیں ہوتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ کائنات زمین، آسمان، چرند، پرند، ستارے، سیارے، سورج، چانداور کہکشائیں فقط اپنے حبیب مکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی خاطر پیدا فرمائی ہیں۔ یوں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی ذات صاحبِ لولاک بھی ٹھہری۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ سے کتنی محبت ہے۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ مقصودِ کائنات ہیں۔ علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ اس بارے میں کہتے ہیں:

؎ خیمہ افلاک کا ایستادہ اسی نام سے ہے
نبض ہستی تپش آمادہ اسی نام سے ہے

شعرنمبر4: جلتے ہیں جبریلؑ کے پَر جس مقام پر — اس کی حقیقتوں کے شناسا تُمھیؐ تو ہو

تشریح: ایک شب حضرت جبریل علیہ السلام آقا کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی اے نبی مکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کا رب آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کو اپنے پاس بلا رہا ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ حضرت جبریل علیہ السلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو روانہ ہوئے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کا پہلا پڑاؤ مسجد اقصیٰ میں ہوا۔ جہاں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے انبیاء علیہم السلام کو نماز پڑھائی۔ یوں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ ''امام الانبیاء'' کے لقب سے سرفراز ہوئے۔ وہاں سے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ عالم مکاں سے لامکاں کے سفر پر حضرت جبریل علیہ السلام کی ہم رکابی میں روانہ ہوئے۔ مختلف آسمانوں کی سیر کرنے کے بعد جب آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے تو جبریل علیہ السلام رک گئے اور عرض کی یارسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ! یہ میرے سفر کی آخری منزل ہے۔ اس سے آگے میں ذرہ برابر بھی نہیں جا سکتا۔ اگر آگے گیا تو میرے پَر اللہ تعالیٰ کے نور کی تجلیوں کو برداشت نہیں کر پائیں گے اور وہ جَل کر راکھ ہو جائیں گے۔ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ اپنے نعلین مبارکہ کے ساتھ عرش معلیٰ کی سیر کرتے ہیں اور باقی تمام عالمین مکاں و لامکاں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے قدمین شریفین کے نیچے آجاتا ہے۔ یہ عظمت و بزرگی دونوں جہانوں سے فقط حبیب مکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کو حاصل ہے۔

؎ سر لا مکاں سے طلب ہوئی
سُوئے منتہیٰ وہ چلے نبی

شعرنمبر5: گرتے ہوؤں کو تھام لیا جس کے ہاتھ نے — اے تاج دارِ یثرب و بطحا تُمھیؐ تو ہو

تشریح: اس شعر میں شاعر آقا کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی شان جود وسخا بیان کر رہا ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ یتیموں، مسکینوں، بے نواؤں، مصیبت زدہ اور بے آسرا لوگوں کے لیے جائے پناہ ہیں۔ چرند، پرند، انسان، حیوان سبھی کے لیے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی عطا کے دروازے کھلے رہتے ہیں۔ اس لیے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے ایمان والو! جب تم اپنی جان پر ظلم کر بیٹھو تو حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے درِ دولت پر آجایا کرو۔ عرب کا معاشرہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی اس دنیا میں تشریف آوری سے قبل ہر طرح کی اخلاقی اور روحانی برائیوں میں مبتلا تھا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے اپنی سیرت و کردار کے ذریعے اس معاشرے کی کایا پلٹ دی اور وہ لوگ مہذب ترین انسان بن گئے۔ وہ معاشرہ جو بچی کی پیدائش پر رنجیدہ ہو جاتا اور اسے زندہ درگور کر دیتا وہ عورت کے حقوق کا محافظ اور پاسبان بن گیا۔

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی بعثت سے قبل جو لوگ تباہی کے گڑھے پر کھڑے تھے، اللہ تعالیٰ نے انھیں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے وسیلے سے بچالیا۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ان کی کئی پشتوں تک لڑائیاں چلتی تھیں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے انھیں محبت و بھائی چارے کی ایک لڑی میں پرو دیا۔ بقول الطاف حسین حالی:

؎ فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماوا
یتیموں کا والی غلاموں کا مولا

شعرنمبر6: دنیا میں رحمتِ دو جہاںؐ اور کون ہے — جس کی نہیں نظیر وہ تنہا تُمھیؐ تو ہو

تشریح: اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کو جملہ اوصاف سے مزین فرمایا تھا۔ یہی وجہ تھی جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا گیا کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کا اخلاق کیسا تھا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ارشاد فرمایا کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے اخلاق قرآنی تھے۔ شعر کے پہلے مصرع میں شاعر سوالیہ انداز میں جھنجھوڑ کر پوچھ رہا ہے کہ دنیا میں آقا کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے علاوہ کون رحمتِ دو جہاں ہے؟ شاعر دراصل مندرجہ ذیل آیت کا مفہوم پیش کر رہا ہے:

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ

اے حبیب مکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ ہم نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے سورۃ فاتحہ میں خود کو رب العالمین فرمایا۔ جہاں جہاں تک اللہ تعالیٰ کی شان ربوبیت کا ظہور ہے وہاں وہاں تک آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی شانِ رحمت پائی جاتی ہے۔ تبلیغ دین میں کفار نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو بہت ستایا لیکن آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے انھیں کبھی بددعا نہیں دی۔ وادیٔ طائف میں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے جوتے مبارک خون سے تر ہو گئے لیکن آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے ان کے لیے بددعا نہیں فرمائی۔ فتح مکہ کے دن آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے تمام دشمنوں کو معاف فرما دیا۔ انسان تو انسان آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی رحمت سے حیوانات و نباتات بھی محروم نہیں ہیں۔ شاعر کے کہنے کا مفہوم یہ ہے کہ اس کائنات کے خالق و مالک کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کا وجودِ مبارک سب سے عظیم ہے جیسا کہ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے: ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر''، یعنی اللہ تعالیٰ کے بعد آپ کو ہی بزرگی حاصل ہے۔

نظم ''نعت'' کا مرکزی خیال (Understanding Based)

دل رسول پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی محبت سے روشن ہے۔ کیوں کہ آپ اللہ کے محبوب ہیں اور اللہ نے ساری کائنات آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے لیے بنائی ہے۔ اللہ کا نیک بندہ بننے کے لیے رسول پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی محبت کو اپنانا ضروری ہے۔

غزل ''فقیرانہ آئے صدا کر چلے'' کے اشعار کی تشریح (Understanding Based)

شعر نمبر (iv): دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

تشریح: اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ وہ لوگ جو اپنے محبوب حقیقی اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیتے ہیں وہ دنیا اور مافیہا کے ہر نقصان سے بے پروا ہو جاتے ہیں۔ بے خودی ان کا راستہ بن جاتا ہے۔ محبت دنیا ان کے دل سے نکل جاتی ہے۔ حتیٰ کہ وہ اپنی خواہشات یا ضرورتوں سے بھی لاتعلق ہو جاتے ہیں۔

اگر اس شعر کو مجازی معنوں میں دیکھیں تو شاعر اپنے محبوب کی ایک جھلک دیکھنے کے بعد اپنے ہوش وحواس کھو بیٹھتا ہے۔ اسے اپنے محبوب کے دیدار کا بہت اشتیاق تھا مگر جب محبوب نے اسے اپنا جلوہ بے نقاب دکھایا تو اس کے حسن، خوب صورتی اور ناز و ادا کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ بے ہوش ہو گیا۔ اس لیے شاعر اپنے محبوب سے شکایت کرتے ہوئے کہتا ہے کہ آپ کی ایک جھلک نے مجھے تم سے ہی جدا کر دیا ہے۔ ہجر کی طرح وصل میں بھی تمھارا دیدار میسر نہیں ہوا۔ اس کی آنکھوں میں اپنے محبوب کی جھلک دیکھنے کی تاب نہ رہی۔ وہ اپنا آپ بھی بھول گیا۔ بقول شاعر:

وہ آئے بزم میں اتنا تو فکر نے دیکھا
پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی

شعر نمبر (v): جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی حق بندگی ہم ادا کر چلے

تشریح: شاعر اللہ تعالیٰ سے مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ میں نے ساری زندگی آپ کے در اقدس پر سجدہ ریزی کی ہے۔ میری پیشانی ہمیشہ تیری چوکھٹ پر جھکی رہی ہے۔ تیری نعمتوں اور احسانات کی شکر گزاری میں، مَیں سجدے میں پڑا رہا ہوں تا کہ تیری بندگی کا حق ادا ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو محض اپنی عبادت کے لیے تخلیق فرمایا ہے۔ شاعر کو اپنے مقصد تخلیق کا ادراک تھا اس لیے وہ اپنے معبود حقیقی کے سامنے سر بسجود رہا۔ مقصد یہ تھا کہ اس کی بندگی کا فریضہ ادا ہو جائے۔ اب شاعر مرنے کے قریب ہے اور سجدے کی حالت میں اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کرنے کا خواہش مند ہے تا کہ قیامت کے روز جب وہ اٹھے تو سر سجدے سے اٹھائے۔ یہاں پر شاعر نے ''حسن تعلیل'' سے کام لیا کہ اس نے حق بندگی ادا کر دیا ہے۔ حالاں کہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے انعامات انسان پر اس قدر ہیں کہ وہ بندگی کا حق ادا نہیں کر سکتا۔

بقول شاعر:

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

شعر نمبر (vi): نہ دیکھا غمِ دوستاں شکر ہے ہمیں داغ اپنا دکھا کر چلے

تشریح: میر تقی میرؔ کی زندگی مختلف مصائب اور مشکلات سے گزری تھی۔ شاعر اس شعر میں اپنے درویشانہ مزاج کی عکاسی کرتے ہوئے کہتا ہے کہ بچپن سے لے کر بڑھاپے تک مجھے مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑا لیکن مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ میرے دوستوں کو ان حالات کا سامنا نہیں کرنا پڑا جن سے میں گزر رہا ہوں۔ شاعر اس نعمت خداوندی پر شکر ادا کر رہا ہے کہ میرے دوست خیر و عافیت سے ہیں۔ مجھے ان کا صدمہ برداشت نہیں کرنا پڑا۔ اس جہاں میں کسی کو بھی رنج والم سے چھٹکارا نہیں۔ کم یا زیادہ ہر ایک کو دکھوں کا سامنا رہتا ہے لیکن شاعر کے دوستوں کی خوبی یہ ہے کہ وہ اس پر اپنی مشکلات ظاہر نہیں ہونے دیتے۔ ان حالات میں شاعر ایسا ہے جو اپنی تکلیفیں اور مشکلات سب کو بیان کرتا پھرتا ہے۔ دراصل شاعر ہمیں یہ بتانا چاہتا ہے کہ انسان کو اپنے مسائل کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہیے۔ دوسروں کو بتانے سے مسائل کم نہیں ہوتے۔ دوستوں کو اپنی پریشانیاں بتانے سے وہ بھی پریشان ہو جاتے ہیں۔ بقول ساغر صدیقی:

زندگی جبرِ مسلسل کی طرح کاٹی ہے
جانے کس جُرم کی پائی ہے سزا، یاد نہیں

شعر نمبر (vii): جہاں میں تم آئے تھے، کیا کر چلے — کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ

تشریح: مقطع کے اس شعر میں شاعر ہمیں خبردار کر رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس دنیا میں اپنا خلیفہ اور نائب بنا کر بھیجا ہے۔ خلیفہ ہونے کے ناتے ہمارا یہ فریضہ ہے کہ ہم اس کرۂ ارضی پر اللہ کے احکامات کا نفاذ کریں۔ انسان کی زندگی کا مقصد اللہ کی رضا اور اس کی خوش نودی کا حصول ہے۔ مگر یہاں آ کر ہم نے اپنا مقصدِ حیات بھلا دیا ہے۔ مرنے کے بعد ہمیں اپنی اس زندگی کا حساب دینا پڑے گا۔ قیامت کے دن کوئی بھی انسان اپنی جگہ سے اپنی دنیاوی زندگی کا حساب دیے بغیر ہل نہیں سکے گا۔ شاعر کو فکر لاحق ہے کہ اگر قیامت کے روز اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس نے پوچھ لیا کہ میں نے تمھیں دنیا میں کس مقصد کے لیے بھیجا؟ تم نے وہاں کیا کیا؟ اعمالِ صالح کون کون سے کیے؟ تو ان سوالات کے جواب میں میرا اعمال نامہ تو خالی ہے۔ میں نے ساری زندگی غفلت میں گزار دی ہے۔

اس شعر میں شاعر ہمیں عقیدہ آخرت اور اللہ تعالیٰ کے حضور حساب کتاب سے خبردار کر رہا ہے۔ وہ ہمیں جھنجوڑ کر کہہ رہے ہیں کہ ابھی وقت ہے، اسے غنیمت جانو اور اپنی زندگی کی سمت درست کر لو۔ دنیا دارالعمل اور آخرت دارالجزا ہے۔ آخرت میں کامیابی کی تیاری ابھی سے کر لو۔ ورنہ میری طرح پچھتاؤ گے۔

میر تقی میرؔ ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

؎ اس سے دور رہا اصل مدعا جو تھا
گئی یہ عمر عزیز آہ رائیگاں میری

سبق ''اپنی مدد آپ'' سوالات کے جوابات

1. وہ کون سا آزمودہ مقولہ ہے جس میں انسانوں کا اور قوموں کا تجربہ جمع ہے؟

جواب: ''خدا ان کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد آپ کرتے ہیں'' یہ آزمودہ مقولہ ہے جس میں تمام انسانوں اور قوموں کا تجربہ جمع ہے۔

2. سرسید احمد خاں کے خیال میں کون سی قوم ذلیل و بے عزت ہو جاتی ہے؟

جواب: سرسید احمد خاں کے خیال میں وہ قوم ذلیل و بے عزت ہو جاتی ہے جو اپنی مدد آپ کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتی ہے، دوسروں پر انحصار کرتی ہے اور غیرت و عزت جیسی خوبیوں سے محروم ہو جاتی ہے۔

3. نیچر کا قاعدہ کیا ہے؟

جواب: نیچر کا قاعدہ یہ ہے کہ جیسا مجموعہ قوم کے چال چلن کا ہوتا ہے، ویسی ہی حکومت اور قانون اس قوم کے لیے بنتا ہے، جیسے پانی اپنی سطح پر آ جاتا ہے۔

4. بیرونی کوششوں سے برائیوں کو ختم کرنے کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

جواب: بیرونی کوششوں سے برائیوں کو ختم کرنے کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ برائیاں کسی اور نئی شکل میں دوبارہ پیدا ہو جاتی ہیں۔ حقیقی اصلاح کے لیے شخصی زندگی اور چال چلن کی بہتری ضروری ہے۔

5. دنیا کی معزز قوموں نے کس خوبی کی بنا پر عزت پائی ہے؟

جواب: دنیا کی معزز قوموں نے ''اپنی مدد آپ'' کے اصول کو اپنا کر دنیا میں عزت پائی ہے۔ یہ خوبی ان کی محنت، خود اعتمادی اور خود مختاری کا مظہر ہے۔

6. سرسید نے مسلمانوں کے زوال پر غور کیا تو وہ کس نتیجے پر پہنچے؟

جواب: سرسیّد نے جنگِ آزادی کی ناکامی اور مسلمانوں کے زوال کے اسباب پر غور کیا تو وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ امتِ مسلمہ کے احیا اور اس کی ترقی جدید تعلیمات کے حصول میں مضمر ہے اور جب تک مسلمان قوم جدید علوم وفنون خصوصاً سائنسی تعلیمات میں مہارت حاصل نہ کرے گی، تب تک وہ ترقی نہیں کر سکتی۔

7. رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: سرسید احمد خاں کے دوسرے اہم کارناموں میں ۱۸۷۰ء میں رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کا اجرا شامل ہے جس میں سرسیّد نے مسلمانوں کے اصلاحِ احوال اور تہذیب و ترقی کے لیے خود بھی ان گنت مضامین لکھے اور اپنے ہم عصر انشا پردازوں کو بھی اس طرف راغب کیا۔

8. سرسید کی اُردو زبان کے بارے میں خدمات بیان کریں۔

جواب: سرسیّد احمد خاں نہ صرف اُردو مضمون نویسی کے بانی ہیں بلکہ جدید اُردو نثر کے بیشتر رویّوں کا آغاز بھی انھوں نے ہی کیا۔ ان کی تحریروں میں عقلیت، مقصدیّت، استدلال اور سادگی کی تمام صفات موجود ہیں۔

9. سرسید کی دو تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: سرسید کی دو تصانیف کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ آثار الصنادید ۲۔ خطباتِ احمدیہ

10. ''خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں'' کے مقولہ میں کن کا تجربہ جمع ہے؟

جواب: ''خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں'' اس مقولے میں انسانوں، قوموں اور نسلوں کا تجربہ جمع ہے۔

11. ایک شخص میں اپنی مدد آپ کا جوش کس چیز کی بنیاد ہے؟

جواب: ایک شخص میں اپنی مدد آپ کا جوش اس کی سچی ترقی کی بنیاد ہے۔

12. قومی ترقی کی بنیاد کیا ہے؟

جواب: جب اپنی مدد آپ کا جوش بہت سے شخصوں میں پایا جائے تو یہ قومی ترقی کی بنیاد بنتا ہے۔

13. اپنی مدد آپ کا جوش کب کم پڑتا ہے؟

جواب: جب کوئی دوسرا کسی شخص یا گروہ کے لیے کام کرتا ہے تو ان میں اپنی مدد آپ کا جوش کم ہو جاتا ہے۔

14. اپنی مدد آپ کا جوش کم ہونے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

جواب: اپنی مدد آپ کا جوش کم ہونے سے غیرت اور عزت ختم ہو جاتی ہے۔

15. قوم کس حالت کا مجموعہ ہے؟

جواب: قوم مرد، عورت اور بچوں کی شخصی حالت کا مجموعہ ہوتی ہے۔

16. سر سید احمد خان نے مسلمانوں کے اصلاح احوال اور تہذیب و ترقی کے لیے کیا کام کیا؟

جواب: سر سید احمد خان نے مسلمانوں کے اصلاح احوال اور تہذیب و ترقی کے لیے رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' جاری کیا۔

17. رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کب جاری ہوا؟

جواب: رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' 1870ء میں جاری ہوا۔

نظم ''نعت'' سوالات کے جوابات

18. ''سینۂ شبِ تار اَلَست'' سے کیا پھوٹا؟

جواب: عالم ارواح میں جب اللہ تعالیٰ نے تمام روحوں کو جمع کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان سے پوچھا، کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں؟ تو سب روحوں نے یک زبان ہو کر جواب دیا: کیوں نہیں؟ آپ ہی ہمارے رب ہیں۔ اس سے نورِ اولین کا اُجالا پھوٹا، جس کی پہلی کرن ہمارے نبی پاک خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ ہیں۔

19. شاعر کے نزدیک اس کائنات میں سب کچھ کس کے واسطے پیدا کیا گیا؟

جواب: شاعر کے نزدیک اس کائنات میں سب کچھ آقائی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ کے واسطے پیدا کیا گیا۔ اگر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ کو پیدا کرنا مقصود نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس کائنات میں کچھ بھی پیدا نہ فرماتا۔

20. ''جلتے ہیں جبریلؑ کے پَر جس مقام پر'' کی وضاحت واقعہ معراج کی روشنی میں کریں۔

جواب: معراج کی رات حضرت محمد رَسُوْلُ اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ حضرت جبریل علیہ السلام کے ہم راہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو روانہ ہوئے، مختلف آسمانوں سے گزرنے کے بعد جب سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا: یارسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ! یہ میرے سفر کی آخری حد ہے اس مقام سے آگے میں ذرا بھی بڑھا تو میرے پَر جل جائیں گے۔ میرے اندر عرشِ بریں کی تجلیات برداشت کرنے کی طاقت نہیں۔ اس مصرع میں واقعہ معراج کے اس پہلو کی طرف اشارہ ہے۔

21. شاعر کے نزدیک آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ کے ہاتھوں نے کسے تھام لیا؟

جواب: شاعر کے نزدیک آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ کے ہاتھوں نے بے کسوں کو تھام لیا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ یتیموں، مسکینوں اور بے نواؤں کے سہارا اور ہم درد ہیں۔

22. شاعر کے نزدیک جس کی نظیر نہیں ملتی، وہ کون سی ہستی ہے؟

جواب: شاعر کے نزدیک نبی پاک خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ کی ہستی وہ ہے جس کی مثال دونوں جہانوں میں نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن ﷺ جیسا کوئی اور پیدا نہیں فرمایا۔

غزل ''فقیرانہ آئے صدا کر چلے'' سوالات کے جوابات

23. شاعر نے فقیرانہ آئے، سے کیا مراد لیا ہے؟

جواب: شاعر کی فقیرانہ آئے سے مراد یہ ہے کہ جس طرح کوئی فقیر کسی کے دروازے جا کر بھیک مانگتا ہے اسی طرح میں بھی اپنے محبوب کے در پر محبت کی بھیک مانگنے آیا ہوں۔ اب یہ میرے محبوب پر ہے کہ وہ مجھے خالی ہاتھ لوٹا دے یا مجھے اپنی محبت کی بھیک دے دے۔

24. شاعر نے محبوب کے در پر کس چیز کی صدا لگائی ہے؟

جواب: شاعر کہتا ہے، اے میرے محبوب! ہم بھیک مانگنے والوں کی طرح تیرے در پر آئے ہیں۔ ہم نے تجھ سے محبت کی صدا لگائی ہے۔

25. میر تقی میر نے کس بات پر شکر ادا کیا ہے؟
جواب: میر تقی میر نے اس بات پر شکر ادا کیا ہے کہ اُسے دوستوں کی جدائی کا غم نہیں دیکھنا پڑا۔
26. میر تقی میر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: میر تقی میر ۱۷۲۳ء کو اکبر آباد (آگرہ، انڈیا) میں پیدا ہوئے۔

خط (Understanding Based)

والدہ کے نام خط (موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر)

امتحانی کمرا
۲۵ اپریل ____ ۲۰ء

محترمہ امّی جان!

السلام علیکم!
میں نے ۱۳ اپریل کو آپ کی خدمت میں خط لکھا تھا۔ آج تک انتظار کر رہا ہوں کہ آپ کا گرامی نامہ آئے تو جواباً کچھ عرض کروں، مگر منتظر ہی رہا۔ اب مئی کا مہینا ختم ہونے کو ہے اور جون کی آمد آمد ہے۔ یہ مہینا خصوصی طور پر گرم ہوتا ہے اسی لیے موسم گرما کی تعطیلات اس مہینے میں ہوا کرتی ہیں۔ امید ہے دس بارہ تاریخ تک تعطیلات ہو جائیں گی اور میں فوراً آپ کی خدمت میں پہنچنے کی کوشش کروں گا اور گھر آکر ابا جان کا ہاتھ بٹاؤں گا اور کاشت کاری میں ان کی مدد کروں گا۔ مجھے ہر وقت آپ کی صحت کا خیال رہتا ہے۔ خدا کرے کہ آپ کا سایہ تادیر ہمارے سر پر قائم رہے اور ہم آپ کی دعاؤں کی برکت سے اس قابل ہو جائیں کہ ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں۔ مَیں ہر نماز کے بعد آپ کی صحت اور درازیٔ عمر کے لیے دعائیں مانگتا ہوں۔ آپ کی دعاؤں نے مجھے دسویں جماعت میں پہنچایا ہے اور آیندہ بھی میری ترقی میں رفیق رہیں گی۔ زیادہ آداب!

والسلام
آپ کا بیٹا
ا۔ب۔ج

درخواست (Understanding Based)

بیماری کی درخواست

بخدمت ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمنٹ ہائی سکول، ا۔ب۔ج

موضوع: درخواست برائے رخصت بیماری

جنابِ عالی!
گزارش ہے کہ میں آپ کے زیرِ انتظام تعلیمی ادارے میں جماعت نہم کا طالب علم ہوں۔ مجھے کل سے سخت بخار ہے۔ رات بھر بخار میں پُھنکتا رہا ہوں۔ ابا جان رات ڈاکٹر سے دوائی لائے تھے لیکن افاقہ نہیں ہوا۔ بخار اترنے کا نام ہی نہیں لے رہا۔ ابا جان نے میرا درجہ حرارت چیک کیا ہے جو اس وقت 104 ہے۔ میں چلنے پھرنے سے قاصر ہوں۔ اب میں نے ہسپتال کے بڑے قابل ڈاکٹر سے دوا لی ہے۔ انھوں نے دوا کے ساتھ ساتھ چار دن آرام کرنے کا مشورہ بھی دیا ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ مجھے ۱۲ دسمبر تا ۱۵ دسمبر ____ ۲۰ء تک چار یوم کی رخصت عنایت فرمائیں۔ ڈاکٹر کا طبی سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ منسلک ہے۔
آپ کی نوازش ہوگی۔

۱۲ دسمبر ____ ۲۰ء

العارض
ا۔ب۔ج
متعلم جماعت نہم

مکالمہ (Application Based)

دکان دار اور خریدار

خریدار: السّلامُ علیکم!
دکان دار: وعلیکم السلام۔ آیئے تشریف لایئے۔
خریدار: آپ کی دکان میں رومال بھی ہوں گے؟
دکان دار: رومال ہی نہیں جرابیں، بنیانیں، چھتریاں وغیرہ سبھی کچھ ہے۔

خریدار: رومال دکھائیے۔کوئی سستا سا سُوتی ہو۔

دکان دار: یہ دیکھیے رومال،نہایت نفیس اور نرم۔

خریدار: آپ نے جرابوں کا ذکر کیا تھا۔وہ بھی دکھائیے۔

دکان دار: رومال کے متعلق کیا فیصلہ ہے۔کتنے پیش کروں؟

خریدار: جرابیں دکھائیے۔تو رومال کا فیصلہ بھی ہو جائے گا۔

دکان دار: یہ دیکھیے جرابیں،ریشمی ہیں ریشمی،کتنے جوڑے پیش کروں؟

خریدار: آپ مال دکھا رہے ہیں قیمت نہیں بتاتے۔کیا آپ اپنی چیزیں بن داموں بیچتے ہیں؟

دکان دار: ہاں صاحب!بالکل مفت،قیمت برائے نام ہے۔رومال پچاس روپے کا ہے اور جرابوں کا جوڑا سو روپے کا۔

خریدار: میاں دکان دار!یہ قیمت تو بہت زیادہ ہے۔ویسے رومال بھی نفیس ہے اور جرابیں بھی۔

دکان دار: ہم اپنے مال کو چند پیسوں کے نفع پر بیچتے ہیں۔کسی اور دکان دار سے پوچھ لیں پھر آپ کی تسلی ہو جائے گی۔

خریدار: رومال اور جرابوں کی صحیح صحیح قیمت بتائیے،میں کچھ اور چیزیں بھی خریدوں گا۔

دکان دار: صاحب!ہماری دکان کا حساب ''باٹا'' جیسا سمجھیے۔ایک زبان ایک دام۔

خریدار: اگر آپ سچ مچ درست کہتے ہیں تو مجھے آپ کی سچائی پر فخر ہے۔اب میں سچی دکان چھوڑ کر جھوٹی دکانوں پر نہیں جاؤں گا۔

دکان دار: پھر حکم کیجیے۔آپ کی قدر دانی کا شکریہ!

خریدار: پانچ رومال،پانچ جوڑے جرابوں کے اور ایک چھتری بھی ڈال دیجیے مگر اچھی سی ہو۔

دکان دار: یہ لیجیے۔آپ کی تشریف آوری کا شکریہ!

خریدار: رقم تو آپ نے نہ بتائی نہ وصول کی۔شکریہ مفت میں دے مارا۔

دکان دار: یہ لیجیے بل!کُل اٹھارہ سو روپے ہی تو ہوئے۔

خریدار: یہ لیجیے دو ہزار روپے اپنی رقم وصول کیجیے اور میرا بقایا دیجیے۔

دکان دار: یہ تو لینے کے دینے پڑ گئے۔اچھا آپ کی خوشی کے لیے یہ لیجیے،دو سو روپے۔

کہانیاں (Conceptual Based)

سچ کی برکت

پرانے وقتوں میں قافلے پیدل سفر کرتے تھے۔دن کی روشنی میں سفر جاری رہتا اور رات کی تاریکی میں تھکاوٹ دور کرنے کے لیے آرام کرتے۔رات کا پچھلا پہر تھا،دن بھر کا تھکا ہارا قافلہ پڑا سو رہا تھا۔اچانک شور اٹھا ''ڈاکو آ گئے،ڈاکو آ گئے''۔سوئے ہوئے مسافر ہڑ بڑا کر اٹھے اور اپنا اپنا سامان سنبھالنے لگے۔ڈاکوؤں نے لوٹ مار مچا رکھی تھی۔ایک ایک کی تلاشی لے رہے تھے،لوگوں کی جیبیں ٹٹول رہے تھے،جو کچھ انھیں ملتا چھین لیتے۔لٹنے والے مسافر آہ و فغاں کر رہے تھے مگر ظالم ڈاکوؤں پر اس کا کچھ اثر نہیں ہو رہا تھا۔

اس قافلے میں شامل ایک نوعمر لڑکا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا لیکن مطلق پریشان نہ تھا۔ایک ڈاکو اس کے پاس آیا اور پوچھنے لگا لڑکے!تیرے پاس کیا ہے؟

''چالیس اشرفیاں''لڑکے نے جواب دیا۔ڈاکو مذاق سمجھ کر آگے بڑھ گیا۔دوسرا ڈاکو آیا تو لڑکے نے اسے بھی یہی جواب دیا۔اسی طرح یکے بعد دیگرے تین ڈاکوؤں نے لڑکے سے یہی جواب پایا۔

ڈاکوؤں کے سردار تک بھی یہ بات پہنچی کہ ایک نوعمر لڑکے کے پاس چالیس اشرفیاں کیوں کر ہو سکتی ہیں؟سردار نے لڑکے کو اپنے پاس بلوایا اور پوچھا!''لڑکے!تیرے پاس کیا ہے''؟

لڑکے نے بڑے اطمینان سے جواب دیا:''چالیس اشرفیاں''۔

سردار نے پوچھا:''کہاں ہیں چالیس اشرفیاں؟''

''میرے کُرتے کی تہ میں سلی ہوئی ہیں''لڑکا بولا۔کُرتے کی تہ کھولی گئی تو سچ مچ چالیس اشرفیاں نکل آئیں۔سردار نے حیرت سے کہا:''لڑکے!تو نے اتنی بڑی رقم چھپا کیوں نہ لی؟''میری ماں نے مجھے نصیحت کی تھی کہ بیٹا!ہمیشہ سچ بولنا میں جھوٹ بول کر گناہ گار کیوں ہوتا؟لڑکے نے جواب دیا۔

